سوال

(166)کیا ٹیکہ لگوانے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا ٹیکہ لگوانے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ٹیکہ لگوانے سے روزہ ٹوٹ جانا چاہیے۔ کیونکہ دوا ٹیکہ کے ذریعہ تمام جسم تک پہنچ جاتی ہے۔ معدے میں بھی پہنچ جائے گی۔ نبی ﷺ نے وضو کرتے وقت روزہ دار کو مبالغہ فی الاستنشاق سے منع فرمایا تھا۔ اسی اندیشے کی بناء پر کہ کہیں ناک والا پانی اندر معدے تک نہ پہنچ جائے۔ (اخبار اہل حدیث لاہور جلد ۱ شمارہ ۴۷۔ ۱۱ شوال المکرم ۱۳۹۰ھ)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد06ص442

محدث فتویٰ